# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Monday, the December 16, 2024
(344th Session)
Volume X, No.04
(Nos. 01-05)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume X | SP.X (04)/2024 |
| No.04 | 15 |

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. FATEHA ........ 2
3. Leave of Absence ........ 2
4. Motion under Rule 126 (7) moved by Senator Fawzia Arshad for consideration of [The International Institute of Technology, Culture and Health Sciences Bill, 2024] in the joint sitting of Parliament ........ 4
5. Motion Under Rule 218 moved by Senator Kamran Murtaza regarding the alarming increase in the number of heroin addicts throughout the country ........ 6
    - Senator Dost Muhammad Khan ........ *8*
    - Senator Umer Farooq ........ *8*
    - Senator Khalil Tahir Sandhu ........ *9*
    - Senator Bilal Ahmed Khan ........ *10*
    - Senator Azam Nazeer Tarar ........ *11*
6. Point of public importance raised by Senator Jam Saifullah Khan regarding harassment of media persons in Karachi ........ 16
    - Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui ........ *17*
    - Senator Azam Nazeer Tarar ........ *19*
    - Senator Saifullah Abro ........ *21*
    - Senator Khalil Tahir ........ *32*
    - Senator Zeeshan Khanzada ........ *33*

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Monday, the December 16, 2024

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at seventeen minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَ الْحِسَابَ ؕ مَا
خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝٥ اِنَّ فِی اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَ النَّهَارِ وَ مَا خَلَقَ
اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَّقُوْنَ ۝٦ اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَ رَضُوْا بِالْحَیٰوةِ
الدُّنْیَا وَ اطْمَاَنُّوْا بِهَا وَ الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ اٰیٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝٧ اُولٰٓىِٕكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا
یَكْسِبُوْنَ ۝٨

ترجمہ: وہی تو ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور بنایا اور چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور (کاموں کا) حساب معلوم کرو۔ یہ (سب کچھ) اللہ نے تدبیر سے پیدا کیا ہے۔ سمجھنے والوں کے لیے وہ اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے۔ رات اور دن کے (ایک دوسرے کے پیچھے) آنے جانے میں اور جو چیزیں اللہ نے آسمان اور زمین میں پیدا کی ہیں (سب میں) ڈرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔ جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی توقع نہیں اور دنیا کی زندگی سے خوش اور اسی پر مطمئن ہو بیٹھے اور وہ ہماری نشانیوں سے غافل ہو رہے ہیں۔ ان کا ٹھکانا ان (اعمال) کے سبب جو وہ کرتے ہیں، دوزخ ہے۔

(سورۃ یونس: آیات ۵ تا ۸)

Mr. Chairman: The House may offer fateha for the following.

## FATEHA

Mr. Chairman: The House may offer fateha for the following: For the martyrs of Army Public School, Peshawar incident. For Mr. Siddique-Ul-Farooq, a senior and seasoned politician who passed away yesterday.

کامران صاحب! آپ دعا فرمادیں۔

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اللہ ان کی مغفرت کرے۔ جناب! آج 16 دسمبر ہے۔ اے پی ایس کا واقعہ، سقوط ڈھاکہ بھی ہے، صرف دعا، اس کے لیے ہم نے کوئی دوا بھی کی ہے یا نہیں۔

جناب چیئرمین: اس کے بعد آپ جو چاہیں گے، بات کرلیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: Business سے پہلے اس پر بات کریں گے اس لیے کہ آج 16 دسمبر کے حوالے سے یہ دو واقعات بہت بڑے ہیں۔

جناب چیئرمین: کوئی مسئلہ نہیں مگر Orders of the Day کو تو follow کرنا پڑے گا۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! جس طرح آپ حکم کریں۔

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Leave of absence. Senator Sajid Mir has requested for the grant of leave for 13th December, 2024 during the 344th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 12th December, 2024 during the 344th Session due to official engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Muhammad Aslam Abro has requested for the grant of leave from $11^{th}$ to $13^{th}$ December, 2024 during the $344^{th}$ Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur has requested for the grant of leave from $11^{th}$ to $16^{th}$ December, 2024 during the $344^{th}$ Session due to official visit abroad. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Raja Nasir Abbas has requested for the grant of leave for $11^{th}$ and $12^{th}$ December, 2024 during the $344^{th}$ Session due to some personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saadia Abbasi has requested for the grant of leave for $16^{th}$ December, 2024 due to some personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Aon Abbas has requested for the grant of leave from $16^{th}$ December, 2024 due to some personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Syed Kazim Ali Shah has requested for the grant of leave for $12^{th}$ and $13^{th}$ December, 2024 during the $344^{th}$ Session due to some personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Samina Mumtaz Zehri. Law Minister Sahib, there is business of Senator Samina Mumtaz Zehri. She is not present in the House.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون وانصاف) : جناب ! فاروق نائیک صاحب بھی موجود نہیں ہیں۔ ثمینہ زہری صاحبہ بھی موجود نہیں ہیں تو Orders No. 2 to 11 could not be taken up.

Mr. Chairman: Orders No. 2 to 11 stand deferred.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ : جناب ! شہادت اعوان صاحب موجود نہیں ہیں، اسی طرح Orders No. 12 and 13 بھی take up نہیں ہو سکیں گے۔

Mr. Chairman: Orders No. 12 and 13 stand deferred.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ : جناب ! اسی طرح سینیٹر ثمینہ زہری صاحبہ اور سینیٹر ہمایوں مہمند صاحب بھی موجود نہیں ہیں تو Sir, due to the absence of the movers, Orders No. 14 to 25 بھی take up نہیں ہو سکیں گے۔

Mr. Chairman: Orders No. 14 to 25 stand deferred.

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, Senator Mohammad Abdul Qadir Sahib is also not present. Orders No. 26 and 27 are regarding withdrawal. So Orders No. 26 and 27 may also be deferred.

Mr. Chairman: Orders No. 26 and 27 stand deferred. Order No. 28, Senator Fawzia Arshad may move Order No. 28.

**Motion under Rule 126 (7) moved by Senator Fawzia Arshad for consideration of [The International Institute of Technology, Culture and Health Sciences Bill, 2024] in the joint sitting of Parliament**

Senator Fawzia Arshad: Thank you. I, wish to move that the Bill to provide for the establishment of the International Institute of Technology, Culture and Health Sciences [The International Institute of Technology, Culture and Health Sciences Bill, 2024], as passed by the Senate and transmitted to the National Assembly but not

passed by the National Assembly within ninety days of its laying in the National Assembly, be considered in a joint sitting.

Mr. Chairman: It has been moved that the Bill to provide for the establishment of the International Institute of Technology, Culture and Health Sciences [The International Institute of Technology, Culture and Health Sciences Bill, 2024], as passed by the Senate and transmitted to the National Assembly but not passed by the National Assembly within ninety days of its laying in the National Assembly, be considered in a joint sitting.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands referred to the joint sitting unanimously. Law Minister Sahib. OK. Yes, please move.

Senator Kamran Murtaza: It is moved on behalf of Senators Bilal Ahmed Khan, Atta-Ur-Rehman and Abdul Shakoor Khan, that leave may be granted to introduce a Bill further to amend the Banking Companies Ordinance, 1962.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب ! معزز وزیر خزانہ کی request ہے، وہ کراچی میں ہیں۔ وہ ایوان کو apprise کرنا چاہتے ہیں، ایک important amendment ہو گی، اس point of view سے تو میں نے mover سے بھی request کی ہے کہ ان کی موجودگی میں تھوڑا discuss ہو جائے۔ So, this may be deferred for today.

Mr. Chairman: OK, thank you. Minister is not available. There is also a request from Minister for Finance. It also stands deferred.  Order No. 30 Senator Kamran Murtaza Sahib.

**Motion Under Rule 218 moved by Senator Kamran Murtaza regarding the alarming increase in the number of heroin addicts throughout the country**

Senator Kamran Murtaza: I, Senator Kamran Murtaza, move that the House may discuss the alarming increase in the number of heroin addicts throughout the country and especially in the Islamabad Capital Territory.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! narcotic کے معاملات کے حوالے سے آپ اس کو دو categories میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ ایک وہ جو narcotic smuggle کرکے اس ملک میں لاتے ہیں اور smuggle کرکے جب اس ملک میں آتی ہے تو آگے فروخت کرتے ہیں۔ اور دوسرے وہ مظلوم لوگ ہیں جو کہ ایک دفعہ اس کا شکار ہو جاتے ہیں اور پھر مستقل طور پر اسکے addicts بن جاتے ہیں اور کئی نالیوں میں مختلف جگہوں پر دھکے کھا رہے ہوتے ہیں اور ultimately اپنے روزگار کے لیے پھر چوریاں چکاریاں شروع کر دیتے ہیں، اس معاشرے سے کٹ جاتے ہیں۔ CNS کا قانون جب آیا تھا تو اس کے بھی دو مقاصد تھے، سزا کا مقصد بھی تھا ان لوگوں کے لیے جو اس کو بیچتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ جو اس کو smuggle کرکے اس ملک میں لاتے ہیں۔ مگر اس کے ساتھ rehabilitation بھی اس کا مقصد تھا۔ ہم نے پہلے والے مقصد میں تو شاید کسی حد تک زور دیا مگر دوسرے مقصد کو ہم بھول گئے کہ جو ہمارے بھائی، جو ہمارے بچے اس کا شکار ہو چکے ہیں ان کو کس طرح سے بحال کرنا ہے۔

تو وہ بحالی کا جو معاملہ ہے وہ حکومتوں کی غفلت کا شکار رہا ہے، ممکن ہے اس کے لیے فنڈز کی کمی ہو، ممکن ہے اس کے لیے اور مسائل درپیش ہوں۔ اب تو اس حد تک بھی پہنچ گئے ہیں کہ وہ لوگ جو اس کے addicts ہیں ان کو پکڑا بھی نہیں جاتا کیونکہ جب ان کو پکڑ کے تھانے میں بند کیا جاتا ہے یا باقی lockup میں لے کے جاتے ہیں تو وہاں پر problems create کرتے ہیں۔ تو وہاں پر بھی ان کو نشہ provide کرنا پڑتا ہے اگر ان کو آرام سے lockup میں رکھنا پڑے۔ تو اس کا کوئی ایسا ممکن علاج ہونا چاہیے کہ وہ بحال ہو جائیں، واپس اپنی سوسائٹی کا ممبر بن جائیں، معاشرے کا کارآمد ممبر بن جائیں اور اس کے لیے تقریباً ہر شہر میں بحالی کے سینٹر ہونے چاہئیں۔

اس وقت معاملہ یہ ہے کہ اسلام آباد میں نشہ آور اشیاء آپ کے بچیوں کے کالجز اور universities میں، بچوں کے کالجز اور universities میں عام دستیاب ہیں اور بچے اس کا شکار ہو رہے ہیں۔ تو وہ بچے جو کالجز اور universities میں یا کام کی جگہوں پر ہوتے ہیں آخر کار وہ ان نالوں میں پناہ گزین ہو جاتے ہیں جو نالے گندے پانی کے نکاس کے لیے بنے ہوئے ہیں۔ اس وقت بھی اگر آپ دیکھیے تو F-6 میں پریس کلب کے سامنے ایک گندے پانی کا نالہ ہے جس کے نیچے یہ سارے بیچارے addicts بیٹھے ہوئے ہیں باوجود اس کے کہ تھانہ بھی نزدیک ہے، پریس کلب بھی نزدیک ہے۔ مگر ان کے ساتھ اس لیے چھیڑ چھاڑ نہیں کی جاتی کہ اگر ان کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی گئی تو مزید problems بن جائیں گے۔

حکومت باقی کام شاید اچھے کر رہی ہے یا شاید اچھے نہیں کر رہی ہے مگر کم از کم یہ اچھا کام تو کر لیں کہ ان کی بحالی کے اوپر بھی جو CNS Act روح تھی اس کے مطابق وہ اس کو لے کے چلیں اور ہر شہر میں بحالی سینٹر ہونے چاہیں اور اگر کسی جگہ پر addicts کی تعداد بڑھ گئی ہے یا زیادہ ہو گئی ہے اور ایک سینٹر سے وہ معاملات کنٹرول نہیں ہوتے ہیں تو اس کو ایک سینٹر سے آگے لے کے چلنا چاہیے۔ مگر سوال پھر یہی ہے کہ ان addicts کو سزا دینے سے معاملات حل نہیں ہوں گے، وہ قابل رحم لوگ ہیں، ان کے ساتھ رحم کا سلوک ہونا چاہیے، ان کے ساتھ احسان کا سلوک ہونا چاہیے، ایسا سلوک جس کے نتیجے میں وہ معاشرے کی طرف واپس آئیں، اپنی families کو attend کریں، اس معاشرے کے لیے کوئی اپنا مناسب کردار لے لیں اور اس میں حکومتوں کی اور باقی non-governmental organizations کی اس حوالے سے مدد کی ضرورت تو یقیناً ہے اور اس کی طرف توجہ دلانے کے لیے میں نے یہ move کیا تھا۔

اسلام آباد میں لوگ اس لیے آ کر رہا کرتے تھے کہ اسلام آباد شاید اس ملک کا سب سے اچھا شہر ہے، مگر سب سے اچھے شہر کے F-sector میں جو اس کا سب سے اچھا سیکٹر ہے وہاں پر بھی addicts مختلف نالوں میں پناہ گزین ہیں اور ان پناہ گزین کے اوپر کوئی ہاتھ نہیں ڈال سکتا۔ ان کو گرفتار نہ کیجیے مگر rehabilitation centres تک پہنچائیے اور ان کے لیے ایسا مناسب بندوبست ہونا چاہیے کہ وہ واپس معاشرے کی طرف آ سکیں، شکریہ جناب۔

Mr. Chairman: Who would like to speak.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ایک اچھے مسئلے کی طرف توجہ مبذول کروائی ہے۔
جناب چیئرمین: لاء منسٹر صاحب کوئی اور بات کرنا چاہ رہا ہے۔ وہ بول رہے ہیں، جی محمد صاحب۔

**Senator Dost Muhammad Khan**

سینیٹر دوست محمد خان: بہت شکریہ جناب! اس میں جو rehabilitation ہے drug addict کی اس میں پھر خیبر پختونخوا نمبر لے گیا ہے۔ Commissioner Peshawar Division نے وہاں پر پہلے بھی ایک scheme شروع کی تھی جس میں چار ہزار لوگوں کا علاج ہوا اور جب survey ہوا تو اس میں صرف 7% relapse cases ہوئے تھے باقی ٹھیک ٹھاک ہوگئے۔ ابھی اس کے ساتھ تین ہزار under treatment ہیں۔ چار مہینے کی وہ training اور خوراک دیتے ہیں، چار مہینے ان کے پاس رہتے ہیں اور ایک مہینے میں ایک مریض یا ایک drug addict پر چالیس ہزار کا خرچہ آتا ہے۔ تو میں ارباب اختیار سے کہنا چاہتا ہوں کہ براہ مہربانی آپ Commissioner Peshawar سے مل لیں کہ آپ نے drug addicts کو کس طرح سے ختم کیا ہے۔ دوسری بڑی اچھی بات جو انہوں نے شروع کی ہے، اب وہ Beggars کو پکڑ رہے ہیں، تو میں ان سے درخواست کروں گا کہ آپ Commissioner Peshawar کے ساتھ بیٹھیں تاکہ آپ کو بتادیں کہ ہم نے drugs پر کس طرح قابو پایا ہے، شکریہ۔

**Senator Umer Farooq**

سینیٹر عمر فاروق: شکریہ جناب چیئرمین صاحب! میرے خیال میں کوئٹہ میں اس وقت above ten thousand اس طرح کے addicts ہیں، جس طرح ہمارے colleague نے نشان دہی کی ہے اس میں سب سے زیادہ خطرناک بات یہ ہے کہ جو لوگ نالے میں ہوتے ہیں، انہوں نے ان کو نالوں سے نکالا اور ان نالوں کو بند کیا تو وہ پورے شہر میں پھیل گئے۔ یہ لوگ شہر میں یہاں تک پھیلے ہوئے ہیں کہ میٹر سے لے کر، stands تک، گھروں کے گیٹ کوئی بھی چیز جو ان کے ہاتھ آتی ہے وہ محفوظ نہیں ہے۔ پورے شہر میں ایسے ہزاروں لوگ اپنی addiction کو ختم کرنے کے لیے یا کچھ لینے کے لیے ان کے پاس ایک ہی ذریعہ ہے کہ پورے شہر میں ان کے ہاتھوں میں جو بھی چیز آئے یہ اسے نہیں چھوڑتے۔ یہ لوگ ساری سڑکوں پر، لوگوں کے

گھروں میں، plots میں پھیل چکے ہیں اور ان کی تعداد unaccountable ہے۔ وہ بہت بڑی تعداد میں ہیں، اس کے ساتھ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس میں عورتیں اور بچے بھی ہیں اور یہ ایک بڑا سنگین مسئلہ ہے۔ میرے خیال میں اسلام آباد کے ساتھ ساتھ ہر شہر میں یہی ہو گا لیکن کوئٹہ شہر میں یہ ایک بہت ہی پیچیدہ مسئلہ بنا ہوا ہے۔ تو میں یہ بات منسٹر صاحب کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ اس پر ایک ایسا طریقہ کار بنائیں اور آپ اس کی رپورٹ صوبائی حکومت اور پولیس سے لیں کہ انہوں نے کتنے لوگوں کو ابھی تک rehabilitation center میں داخل کیا ہے اور کتنے لوگ ابھی تک باہر گھوم رہے ہیں اور اس چیز سے پورے شہر کو اگر نجات دلائی جا سکتی ہے تو سرکار کم از کم اس پر کام کرے۔

ایک issue اور تھا کہ انہوں نے تو وہاں نالوں سے لے کر کالجز تک خود سرنگ بنائی ہوئی ہیں اور وہ ایسی جگہوں پر نکلتی ہیں کہ وہ سرکار کو ابھی تک نہیں پتا۔ تو وہ اتنا زیادہ پھیل چکا ہے کہ وہ کالجز تک سرنگ بنا کے وہاں پر travel کرتے ہیں اور اندر ایک ایسا ماحول ہے جیسے شہر میں بازار ہے، ان کا اپنا ایک ایریا ہے، اس میں ساری چیزیں ہیں۔ یہ لوگ as a mafia وہاں بیٹھے ہوئے ہیں، تو اس کے لیے وہ کر لیں۔

جناب! دوسرے issue پر میں چاہتا ہوں کہ اس کے بعد پھر مجھے پہلے موقع دے دیں۔ ایک لڑکا مصور خان ہمارا student ہے جو کوئٹہ سے ایک مہینہ پہلے اغوا ہوا ہے۔ تو میں نے تفصیلاً اس کے بارے میں بات کرنی تھی اگر کہتے ہیں، تو ابھی کر لوں۔

جناب چیئرمین: اپنے موضوع کی طرف آئیں۔ آپ بھی اسی پر بات کریں گے؟

**Senator Khalil Tahir Sandhu**

سینیٹر خلیل طاہر سندھو: جناب چیئرمین! بہت دردمندانہ بات کی ہے کامران مرتضیٰ صاحب نے۔ میں honourable اپنے استاد سے بات کرنا چاہوں گا کہ اس سے پہلے کہ یہ cosmetic changes کی جائیں اس چیز کو دیکھیں کہ یہ جو narcotic ہے یہ برما سے یا جہاں کہیں سے بھی آئی اور اس کے پیچھے مقاصد کیا تھے۔ اور جس طرح سے مشاہد خان صاحب نے یہاں پر فرمایا تھا کہ ایک نشئی نے میرا وطن بیچ ڈالا۔ کم از کم پہلے اس کے اسباب تو ڈھونڈیں، یہ کیوں شروع ہوا؟ Rehabilitation centre تو بنیں گے لیکن کہاں سے آتی ہے، بسوں سے

چکوال میں کون پھینک کر جاتے ہیں؟ چھت کے اوپر سے کون پھینکتے ہیں؟ مقامی پولیس اور مقامی لوگ جو بھی اس کے ذمہ دار ہیں ان کو ڈھونڈنا پڑے گا پھر اس کے بعد rehabilitation centre کی طرف جائیں گے لیکن آخر کار وہ کون سی reasonable reasons اور کون سی mysterious mystery ہے جس کی وجہ سے آج آدھے سے زیادہ colleges اور اس معاشرے کے لوگ اس بیماری میں مبتلا ہو چکے ہیں۔

جناب چیئرمین! میری honourable Law Minister sahib سے بڑی humble and honest submission ہو گی کہ پہلے اس کی cogent reason کو ڈھونڈنا پڑے گا اور پھر اس کے مطابق ہمیں solid reasons لینے پڑیں گے جس سے اس کو ختم کیا جاسکے ورنہ اس طرح سے Bills بھی آئیں گے اور cosmetic changes بھی آئیں گی لیکن یہ کام ختم نہیں ہوگا، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب وزیر قانون صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ بھی بات کرنا چاہتے ہیں؟ ,Law Minister sahib بلال مندوخیل صاحب بات کریں گے۔

**Senator Bilal Ahmed Khan**

سینیٹر بلال احمد خان: شکریہ جناب چیئرمین! جس طرح کامران مرتضیٰ صاحب نے اس معاملے کو take up کیا ہے، اس میں صرف ہیروئن کی بات نہیں ہے۔ آپ دیکھیں تو ہمارے معاشرے میں اس وقت نشے سے متعلق بہت ساری نئی چیزیں آچکی ہیں جس میں ecstasy ہے شیشہ ہے اور ice جیسی چیزیں ہیں جس کے استعمال سے استعمال کرنے والے کی کیفیت کا اندازہ نہیں ہوتا لیکن جب وہ اپنی شدت اختیار کر جاتا ہے اور اس کے بعد جو اس کے اثرات ہوتے ہیں وہ بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔

جناب والا! جس طرح میرے دوست سندھو صاحب نے بات کی کہ یہ آتی کہاں سے ہے؟ کون لے کر آتا ہے؟ rehabilitation centers تو اس کے بعد کے معاملات ہیں کہ جب ہم اس کو address کریں گے۔ Rehabilitation centers اس کے بعد بنیں گے جب ہمیں

پتا ہوگا کہ اس کا flow کہاں سے ہے؟ کیا مجھے میرے وزیر صاحب بتا سکتے ہیں کہ اس کا flow, اس کے آنے کا ذریعہ کیا ہے اور اس کو روکنے کے لیے جو اقدامات کیے گئے ہیں اس کی کوئی پالیسی بنائی گئی ہے؟ اگر معاشرے میں وہ مافیا موجود ہے تو اس مافیا کو control کرنے کا یا اس کو counter کرنے کا کوئی mechanism اور کوئی قانون بنایا گیا ہے؟ اگر ایسا کوئی قانون ہے تو کیا اس پر کوئی implementation ہوئی ہے یا نہیں ہوئی اگر نہیں ہوئی تو کیا وجوہات ہیں، اگر کوئی قانون نہیں بنا تو اس کی کیا وجوہات ہیں اور اگر بنانا ہے تو کب تک بنائیں گے اور اس کی Implementation کی ترتیب کس طرح سے ہوگی۔ جناب والا ہمیں اگر اس کے بارے میں بتایا جائے تو بڑی مہربانی ہوگی، شکریہ۔

Mr. Chairman: Minister for Law and Justice.

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: شکریہ جناب چیئرمین! یہ ایک بڑا important issue ہے۔ میں سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کروائی۔

جناب والا! 1988 میں ایک international treaty sign ہوئی اور Vienna convention for suppression of illicit trafficking in narcotics and psychotropic drugs کو adopt کیا گیا، پاکستان اس کا signatory ہے۔ منشیات اور narcotics ایک بڑھتی ہوئی menace ہے، جس کو روکنے کے لیے سب سے ضروری تھا کہ اس کی trans-border ترسیل کو روکا جائے اور تمام state parties, its largely adopted by states belonging to UN club کہ کسی طرح سے اس کو روکا جائے۔

جناب والا! Unfortunately ہم جس خطے میں رہتے ہیں، اس کو International domain میں golden triangle کے نام سے کہتے ہیں۔ It starts from Afghanistan اور پھر ہمارے سے ہوتا ہوا Far-East میں جاتا ہے۔ یہاں پر production کے point of view سے کافی زیادہ کاشت اور پھر اس کو آگے

سالوں سے بلکہ یوں کہیں activity کرنا ہے۔ یہ transform میں narcotics drugs
کہ صدیوں سے چلی آرہی تھی۔

جناب والا! ہمارے پچھلے Laws میں سزائیں قدرے کم تھیں اور جو legal framework تھا وہ اتنا stringent نہیں تھا کہ اس کو properly address کیا جاتا۔ In order to comply with the requirements of 1988 Vienna Convention, 1997 میں Control Of Narcotics and Psychotropic Substance Act اسی اسمبلی نے پاس کیا جس کے تحت کافی سخت سزائیں متعارف کروائی گئیں اور اس میں نہ صرف suppression کے حوالے سے take up کیا جائے کہ اس کی روک تھام کیسے ہو، بلکہ اس سے زیادہ آگے گئے اور ایک پورا mechanism دیا گیا، ایک force ANF کے نام سے کھڑی کی گئی جس کے ذمہ نہ صرف crime کی، جرم کی بیخ کنی، اس کی suppression تھی بلکہ اس کی investigation, inquiry میں لامحدود اختیارات دیے گئے بشمول ایسے لوگ جو اس مکروہ دھندے میں ملوث ہیں، بڑے بڑے rackets ان کے جو financial benefits ہیں ان کو کس طرح سے suck کیا جائے اور ان کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے۔

جناب والا! ابھی بھی پاکستان narcotics seizure یعنی جو narcotics کی ضبطگی ہوتی ہے، اس میں ہم leading country ہیں مطلب یہ کہ ہمارے جو ادارے ہیں narcotics کے point of view سے یہاں پر comparatively load بھی زیادہ ہے لیکن performance بھی اتنی بہتر ہے کہ پاکستان کئی سالوں سے narcotics کے seizure میں نمبر ایک پر ہے اور پوری دنیا میں ضبط کی جانے والی منشیات کا تقریباً بیس فیصد پاکستان contribute کررہا ہے۔

جناب والا! اس سال November تک 132.62 matric ton منشیات ضبط ہوئیں اور انہیں تلف کیا جاتا ہے اور ان کے ملزمان کے چالان بھیجے جاتے ہیں۔ ان rackets میں 800 ملزمان ہیں اور یہ بڑے cases ہیں جن کا میں ذکر کررہا ہوں۔ ہمارے یہاں prosecution کمزور ہے، اس میں کوئی دوسری رائے نہیں ہے اور ہمارا جو conviction

rate ہے it is on the lower side comparing to many other countries but in this area particularly anti-narcotics میں our convection rates are very reasonably high and it comes to 85%. یہ پھر ایک اچھی خبر ہے۔

جناب چیئرمین! یہ تو میں بات کر رہا تھا کہ اس کی روک تھام کے لیے کیا اقدامات ہو رہے۔ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب نے جو اصل بات چھیڑی کہ آپ بڑے بڑے مگر مچھوں پر ہاتھ ڈالیں، پھر اس سے نیچے جو trickle down اور ان کے آگے جو کارندے ہیں ان پر ہاتھ ڈالیں لیکن بلا شبہ ایسے لوگ ہیں، ایسی families ہیں جو شکار ہوئی ہیں جو اس مکروہ دھندے کے victims ہیں۔ جس کے بچے یا جو breadwinner ہیں وہ addiction میں چلے گئے اور ہم نے دیکھا گھروں کے گھر برباد ہو گئے۔ اس کے لیے بھی Vienna Convention 1988 میں ایک پورا programme جو member Countries ہیں ان کو introduce کروایا گیا کہ آپ نے تدارک تو کرنا ہی ہے لیکن آپ نے بحالی کے لیے بھی کام کرنا ہے۔

جناب والا! میں نے جو عرض کی 1997 میں ہم نے جو CNS Act بنایا اس کے section 52 and section 53 میں صوبائی حکومتوں کو پابند کیا گیا اور جہاں تک مرکز کا تعلق ہے اس کے زیر انتظام علاقوں میں، کہ مرکزی اور صوبائی حکومتیں rehabilitation centers, بحالی کے مراکز کام کریں گی۔ میں یہ بات کہتے ہوئے افسوس کا بھی اظہار کروں گا اور مجھے بطور پاکستانی کے اور دوسری طرف کیوں کہ میرے پاس انسانی حقوق کی وزارت کا بھی قلمدان ہے، میں یہ بات floor of the House پر بالکل کہوں گا کہ ہم نے پچھلے تیس سالوں میں جتنے عرصے سے یہ کم از کم قانون آ چکا ہے، تقریباً ستائیس سال ہو گئے ہیں۔ وہاں پر ہماری طرف سے خوش آئند progress نہیں ہے اور State کو جس سطح پر جا کر اس برائی کے خاتمے کے لیے اور جو addicts ہیں ان کی بحالی کے لیے کام کرنا چاہیے تھا اس میں ہمیں dis-balance نظر آتا ہے۔

جو suppression کی activities ہیں، جرم کو روکنے کی activities ہیں اگر دیکھا جائے تو وہ ٹھیک نظر آتی ہیں۔ اگر آپ ارد گرد کے figures جمع کریں جو ہمارے جیسے خطے میں ممالک ہیں ان کی نسبت ہماری progress بہت اچھی ہے لیکن جہاں تک بحالی کا تعلق ہے ان کی

rehabilitation ہے، ان کے مراکز قائم کرنے ہیں یا ان کے ساتھ معاشرے نے سلوک کیسا کرنا ہے۔ اس میں کمیاں اور کوتاہیاں نظر آتی ہیں۔ آج میں جب یہ briefing لے رہا تھا تو میرے محکمے کے لوگوں سے یہی سوالات تھے اور میں یہ بات امانتاً floor of the House پر کہہ رہا ہوں کہ جو مرکز کی حد تک جو جو ممکن کوششیں ہیں I will bring this matter to the notice of Prime Minister of Pakistan in Cabinet meeting اور پھر ہم صوبوں سے take up کریں گے۔ ہم نے اپنے ملک کے عوام کے لیے بہت سارے اچھے کام شروع کیے ہیں، جو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ہے وہ اس خطے کا سب سے بڑا پروگرام ہے اور ہمیں اس بات پر فخر ہے۔

ہماری قوم charity کرنے میں بہت آگے ہے۔ جناب! میں پچھلے دنوں لاہور کی مثال دینا چاہتا ہوں کہ ایک کینسر کے ہسپتال کا میں نے سنا تھا اور مجھے کچھ لوگ ملے اور بتایا کہ وہ free for all ہے۔ اپنی مرضی سے کوئی donation دے تو ٹھیک ورنہ it's free for all اور وہاں پر چار چار اور آٹھ آٹھ لاکھ کے tests free کیے جاتے ہیں اور یہ سب ایک NGO نے بنایا ہے۔

تو بہت اچھا چہرہ بھی ہے اور کہیں پر ہم lag بھی کرتے ہیں۔ جناب! ظاہر ہے وسائل تھوڑے ہیں اور مسائل زیادہ ہیں، آبادی کا تناؤ بھی زیادہ ہے لیکن حکومتی ذمہ داری کے حوالے سے I am committing on the floor of the House that I will bring this issue into the notice of the Cabinet کہ ہمیں ان کی rehabilitation کے لیے، ان کی بحالی کے لیے، ان کی support کے لیے کہ وہ اس دلدل سے باہر آسکیں، کام کرنے کی ضرورت ہے اور اس پر ہمیں measures لینے چاہیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: The motion has been talked out and I want to make an announcement. The House warmly welcomes 51 students from Gaza, Palestine, who are currently undergoing studies at Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto Medical University, Islamabad, to the proceedings of Senate of Pakistan.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Your presence here reflects the enduring bond of friendship and solidarity between our two nations. It also reaffirms Pakistan's unwavering support for the Palestinian people in their just struggle against the ongoing Israeli atrocities and oppression. As we collectively strive for justice, freedom, and lasting peace. Mr. Law minister.

Senator Azam Nazeer Tarar: Thank you very much Mr. Chairman. It is indeed a great pleasure for all of us to say welcome to our Palestinian students from medical schools in Pakistan. This House has always taken exception, passed resolutions, and raised voice along with the entire Pakistani nation that we stand by with the people of Palestine and we feel pride in that. Not only the government of Pakistan but every Pakistani living in Pakistan and abroad firmly believes that the right of self-determination of our Palestinian brethren has been violated and suppressed.

Mr. Chairman! Our hearts genuinely bleed when we hear and see the atrocities, the activities of genocide and the cruelty being exercised by the Israeli forces. This is nothing but a gesture by the government of Pakistan and rather, I would say, by the Pakistani nation, that we have invited and hosted so far 162 Palestinian medical students in order to complete their medical education, so that they can go back and serve their community and serve their nation.

We are humbled to say that this programme is entirely a gift from Pakistani nation. We must appreciate our medical institutions that they have not only welcomed these students, but they are not charging any

fee as well. The rest of the facilities are being provided by the government of Pakistan and there are few UK based non-governmental organizations that are working with us.

I also acknowledge their contribution and look forward that we could enhance this programme and accommodate maximum number of students coming from Palestine to complete their education in medical or any other such discipline which is essential for them. Thank you very much once again for joining us.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Yes please.

**<u>Point of public importance raised by Senator Jam Saifullah Khan regarding harassment of media persons in Karachi</u>**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جناب چیئرمین! میں ایوان کی توجہ اس جانب دلانا چاہتا ہوں کہ پچھلے دو تین دنوں سے ہمارے چار پانچ بڑے senior صحافیوں کے گھروں پر حملے کیا جا رہے ہیں، ان کو ہراساں کیا جا رہا ہے، ان کے خلاف trolling کی جا رہی ہے اور یہ ایک مخصوص پارٹی کی طرف سے کیا جا رہا ہے۔ ہمارے ایوان میں عرفان الحق صدیقی صاحب بھی صحافت سے تعلق رکھتے ہیں، تو میں ان سے بھی گزارش کروں گا کہ ان anchors میں سے ایک مزمل ہے اور وہ بہت ہی senior anchor ہے۔

جناب چیئرمین: وزیر قانون صاحب۔ سینیٹر صاحب بات کر رہے ہیں اور آپ کو جواب دینا ہوگا۔

سینیٹر جام سیف اللہ خان: مزمل کی بہت اچھی viewership ہے، وہ ایک scholar بھی ہے اور بہت اچھی اور دلیرانہ باتیں کرتا ہے۔ اس کا شمار ایسے لوگوں میں ہوتا ہے جو اس وقت معاشرے میں موجود خامیوں، بالخصوص trolling یا social media propaganda کی آگہی کے حوالے سے لوگوں میں روشنی کی کرن کی مانند ہیں۔ ان میں مزمل

ہے، طلعت حسین ہے، ریاض شیخ ہے اور ایک حسن ایوب ہے۔ ان چاروں کی نہ صرف trolling کی جا رہی ہے بلکہ ان کو دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں۔ TV پر دکھاتے ہیں کہ ان کے گھر کا address یہ ہے، ان کے بچوں کے نام یہ ہیں اور وہ فلاں فلاں سکول میں پڑھتے ہیں اور انہیں بہت شدت سے ہراساں کیا جا رہا ہے۔ مزمل کے گھر پر تو انہوں نے firing بھی کی ہے۔

ان سب چیزوں کا مقصد یہ ہے کہ ان کی آوازوں کو بند کیا جا سکے تاکہ لوگوں تک ان کی رسائی نہ ہو سکے۔ تو میں آپ سے گزارش کروں گا کہ یہ ایک بہت serious matter ہے اور اس پر وزیر قانون صاحب یا عرفان الحق صدیقی صاحب اپنے high-ups سے یا Interior ministry سے بھی بات کریں اور جو لوگ بھی اس میں ملوث ہیں، وہ چاہے London میں بیٹھ کر یا باہر کہیں اور بیٹھ کر social media کی مہم چلاتے ہیں، ان کے خلاف FIR ہونی چاہیے اور خدانخواستہ اگر انہیں کچھ ہو تو آپ directly اُنہی پر responsibility ڈالیں۔

ایسے سارے لوگ جنہوں نے Twitter پر یا دوسرے social media platforms پر بہت گند پھیلایا ہوا ہے، تو ان کی جتنی بھی مذمت کریں وہ کم ہے اور اس میں government of the day کو ensure کرنا چاہیے کہ freedom of speech میں جو لوگ، اور ان مشکل حالات میں بہت دلیرانہ باتیں کرتے ہیں، لوگ تو پیسوں کی خاطر ایسا propaganda پھیلا کر پتا نہیں کیا کیا زہر اگلتے ہیں، ان کے خلاف بھی action ہونا چاہئے اور جو لوگوں کو harass کر رہے ہیں ان کے خلاف بھی action ہونا چاہیے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر عرفان صدیقی صاحب۔

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ سینیٹر سیف اللہ داریجو صاحب نے بہت اہم مسئلہ کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری سیاست میں گزشتہ کچھ سالوں سے ایک رجحان نے جنم لیا ہے کہ جس میں دوسرے کی آواز سننا، دوسرے کی آواز کو کچھ وزن دینا، تحمل کا مظاہرہ کرنا، برداشت کا مظاہرہ کرنا یا جمہوری اقدار کے مطابق اسے deal کرنا، جناب

چیئرمین! یہ روایات اب معدوم ہوتی چلی جارہی ہیں اور بہت systematic طریقے سے ان پر ضرب لگائی گئی ہے۔

جس مسئلے کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور جن چند صحافی حضرات کا نام لیا گیا ہے، یہ آج بھی مطلوب ہیں۔ جس پارٹی کا نام داریجو صاحب نے نہیں لیا تو اس لیے میں بھی نہیں لے رہا، لیکن جس پارٹی کی طرف ان کا اشارہ ہے اور جب ان کی حکومت تھی تو جن صحافی صاحبان کے نام لیے گئے ہیں ان میں سے بیشتر کو بے روزگار کیا گیا، اپنے اپنے اداروں سے نکالا گیا اور جبر کے ذریعے انہیں گھروں میں بٹھا دیا گیا۔ یہ کسی بھی طرف سے ہو اور کسی بھی نوع کا جبر ہو، جب ایک حق اور سچ کی آواز کو دبایا جاتا ہے تو وہ آوازیں دبتی نہیں ہیں۔

یہ لوگوں کے گھروں پر حملے کرنا، ان کے ساتھ گالی گلوچ کرنا، ان کی ماں، ان کی بہن اور ان کے بچوں کو گالیاں دینا، ان کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا، ان کے خلاف جھوٹا propaganda کرنا، میرا خیال ہے کہ یہ ایک ایسی روایت ہمارے ہاں جنم لے چکی ہے جس کا قلع قمع ہونا چاہیے۔ ہم صحافیوں کے ساتھ پوری طرح یک جہتی کا اظہار کرتے ہیں اور یہ جبر یا یہ زیادتی چاہے کسی پارٹی کی طرف سے ہو رہی ہے یا کسی اور طرف سے بھی ہو رہی ہے، اس کی نوعیت کچھ بھی ہے، لیکن اگر وہ حق بجانب نہیں ہے، جناب چیئرمین! یہاں ایک طبقہ ایسا بھی موجود ہے جو اپنی حدود سے نکل کر ملک کی سلامتی کو بھی داؤ پر لگاتا ہے، ملک کے اداروں کی بھی پگڑی اُچھالتا ہے، پاکستان کو بھی رسوا کرتا ہے، دنیا بھر میں یہ باور کرواتا ہے کہ پاکستان میں جو مظالم ہو رہے ہیں وہ غزہ سے بھی بڑھ کر ہیں اور پاکستان میں جو مظالم ہو رہے ہیں وہ مقبوضہ کشمیر سے بھی بڑھ کر ہیں۔ یہ ایک طبقہ موجود ہے جو کبھی social media کا سہارا لیتا ہے، کبھی media کے کسی اور tool کا سہارا لیتا ہے، ان کو ہم پاکستان دوست تصور نہیں کرتے۔ لیکن جو لوگ حکومت پر جائز تنقید کرتے ہیں یا اپنی طرف سے وہ حق بجانب ہوتے ہوئے کوئی تنقید کرتے ہیں، یہ ان کا استحقاق ہے۔

ان کا حق ہے، ہم اس کا تحفظ کرتے چلے آئے ہیں اور ہم آئندہ بھی تحفظ کریں گے۔ یہ جو داڑیجو صاحب نے توجہ دلائی ہے، وزیر قانون صاحب بھی یہاں پر تشریف فرما ہیں، شاید وہ respond بھی کریں۔ میں خود بھی اس معاملے کو وزیراعظم تک پہنچاؤں گا اور ہم متعلقہ اداروں سے اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ آوازوں کو کچلنے اور اپنے شور شرابہ کا چلن ختم کیا جائے۔ آپ جو کچھ

کرتے ہیں اور پرامن احتجاج کا نام لیتے ہیں، اس میں الجہاد کے نعرے بھی لگاتے ہیں، اس میں پانی پت کی لڑائی کی بھی بات کرتے ہیں۔ اس میں مارو اور مر جاؤ کی بات کرتے ہیں اور اپنے ہمراہ ڈنڈے ، کیلیں اور کچھ لے کر آتے ہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ culture ختم ہو، یہ اس کی ایک شکل ہے، یہ جو آوازوں کو دبانے کا ایک طریقہ ہے، یہ اس کی ایک شکل ہے۔ ہم اس کو یقینی بنائیں گے، جہاں وہ سلسلے ختم ہوں، وہاں پر ایک پرامن احتجاج کے لیے، پرامن طریقے اور مہذب طریقے سے جو لوگ بات کر رہے ہیں، ان کی آواز سنی جائے اور ان کی آوازوں کو نہ کچلا جائے۔ وہ culture عام نہ کیا جائے جو پاکستان، جمہوریت کا اور ہمارا culture نہیں ہے۔ آپ کا شکریہ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ کی پہلے سنیں گے۔ بات یہ ہے کہ .agenda is over ہم یہ چاہ رہے تھے کہ جو previous speeches ہو رہی تھیں اور میں اس سلسلے میں چاہ رہا تھا کہ ہم بات کریں۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! آپ ایک سیکنڈ رک جائیں۔ جی سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں آپ اور ایوان کی اطلاع کے لیے عرض کرتا ہوں۔ وزیر اطلاعات نے ایک چھوٹی meeting میں آج اس معاملے کی طرف وزیر اعظم صاحب کی توجہ مبذول کرائی اور ڈپٹی وزیر اعظم بھی وہاں پر موجود تھے اور ہماری کابینہ کے تین colleagues اور بھی تھے۔ انہوں نے جس میں کہا کہ حکومت کی کچھ responsibility ہوتی ہیں، ظاہر ہے، اس میں لوگوں کو تحفظ فراہم کرنا ہے اور ایک ایسا environment فراہم کرنا ہے جس میں balance نظر آئے۔ صحافی حضرات بھی ہمیں معاشرے کی pulse بتاتے ہیں۔ ہمارا آئین freedom of expression کو مانتا ہے اور اس کی limitations ہیں، وہ ہمیں ماننی چاہئیں کیونکہ ہمارے جو framers of Constitution تھے، انہوں نے بڑی سوچ بچار کے بعد limitations کیں کہ وہ glory of Islam کے حوالے سے بات نہ کریں، State sovereignty کے حوالے سے بات نہ کریں، security کے حوالے سے بات محفوظ طریقے

سے کی جائے جو آپ کی morality ہے اس کو مد نظر رکھا جائے۔ یہ ساری چیزیں مد نظر رکھتے ہوئے ضرور بات کرنی چاہیے۔

جناب! آپ کو اظہار رائے کا حق حاصل ہے، جناب! سیاست اور جمہوریت کا حسن اختلاف رائے ہے لیکن میں سمجھتا ہوں تحمل، بردباری اور برداشت یہ سیاست کے اسلوب ہیں اور سیاست کا زیور ہے۔ ہم اگر اس کو بھول کر ایسے culture کی طرف چلے جاتے ہیں۔ میرے بھائی پوچھ رہے تھے کہ یہ کس کے بارے میں بات ہو رہی ہے، یہ general ایک معاشرے کے بارے میں بات ہو رہی ہے۔ ہمارے بزرگ کہا کرتے تھے کہ بازار میں کوئی بندہ گالی دیتا ہے جو مڑ کر دیکھتا ہے تو اس کو گالی پڑتی ہے، وہ کسی اور کو نہیں جاتی۔ آپ خود نہ اس معاملے کو اپنی طرف کھینچیں۔ یہاں پر یہ بات ہو رہی ہے کہ ہم سب کو ایک متحمل مزاج اور برداشت والا معاشرہ چاہیے۔ ہمیں اگر کسی کے ساتھ اختلاف ہے تو اس کے خلاف ایک organized campaign چلانے کا، اس کے بچوں کو۔۔۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب! Quorum نہیں ہے۔

Mr. Chairman: The quorum has been pointed out, the count to be made.

*(Count was made)*

Mr. Chairman: The House is in quorum. Yes, Senator Azam Nazeer Tarar Sahib.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں وہیں سے بات شروع کرتے ہوئے کہوں گا کہ بطور پاکستانی ہم سب کا فرض ہے کہ ہم ملکی مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے اور جو ہمارے ارد گرد ہو رہا ہے، اس کو سامنے رکھتے ہوئے۔ ہم جس خطے میں رہ رہے ہیں، اس خطے میں جس قسم کے challenges ہیں اور جتنے ہولناک challenges ہیں، ان کو سامنے رکھتے ہوئے، ہم ماحول کو بردباری کی طرف لے کر جانا چاہیے۔ میں اس بات کا قائل ہوں کہ عوام کے نمائندوں کے ایوان ہیں، سڑک کی بجائے یہاں پر discuss کیا کریں اور کھلے دل سے discuss کیا کریں۔ ہم دل کی باتیں کریں، یہاں ہم پر تنقید کریں، ضرور کریں اور ہم آپ کو جواب دیں۔ یہ جو سننے کی عادت ہے یا ایک برداشت کرنے کا رویہ ہے، وہی چیزوں کو لے کر آگے بڑھتا ہے۔ میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ حکومت اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہے جب بھی کسی شہری کی حقوق اس حد تک breach ہوں کہ

وہ crime constitute کرتا ہو بالکل یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس پر فوری action لے اور culprits کے خلاف پوری قانونی کارروائی ہونی چاہیے۔

جناب! آج ایک meeting میں یہ بات highlight ہوئی کہ کچھ صحافی حضرات کو اس طرح target کیا گیا کیونکہ ان کے سیاسی نظریات کسی ایک group کو پسند نہیں ہیں۔ ان کے بچوں کے نام، ان کے سکولوں کی تفصیلات، اس طرح کی trolling شروع کی گئی ہے۔ جناب! اس کے لیے حکومت نے inquiry کے لیے order کیا ہے اور ان شاء اللہ العزیز، law shall take its own course.

جناب چیئرمین: میں انہیں point of order پر وقت دے چکا تھا لیکن میں نے ان کو پھر بٹھایا، میں اس کے بعد وقت دیتا ہوں۔

سینیٹر دوست محمد خان: جناب! آپ نے سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب کو کہا تھا، آپ پہلے ان کو وقت دیں۔

جناب چیئرمین: وہ point of order پر بول ہی رہے تھے تو Law Minister صاحب نے جواب دینا تھا۔ جی سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

**<u>Senator Saifullah Abro</u>**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ سے ایک التجا ہے اگر سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب یہاں پر بیٹھتے تو اچھی بات ہوتی، مجھے کوئی لمبی چوڑی speech نہیں کرنی تھی۔ ہمارے ساتھی سینیٹر جام سیف اللہ خان صاحب نے ایک سوال اٹھایا، وہ سادہ سی بات ہے کہ اگر کوئی بھی آدمی قانون کے خلاف بات کرے، انہوں نے کسی پارٹی کا نام بھی نہیں لیا۔ مسئلہ یہ تھا کہ صحافیوں کو کیوں اٹھایا جاتا ہے حالانکہ بہت سارے صحافی خود اس حکومت کے حمایتی ہیں اور ان کی حمایت بھی کرتے ہیں۔ آپ TV channels پر جائیں تو TV channels پر ایسے لگتا ہے کہ شاید آپ عراق، شام کے ٹی وی چینلز پر بیٹھے ہیں، صرف حکومت کی خبریں چلتی ہیں لیکن یہاں ذکر ہو رہا تھا کہ جن لوگوں کے گھروں پر چھاپے پڑتے ہیں، اس کو سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب کسی اور angle پر لے گئے ہیں۔ میرے خیال میں سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب جب یہاں بیٹھتے

ہیں، جو بھی قصہ ہوتا ہے وہ اس کو 2018 کی حکومت پر لے جاتے ہیں، بے شک وہ تین سال آٹھ مہینے کی حکومت پر غصہ۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سنائی دی)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! یہاں ذکر کیا گیا کہ سوشل میڈیا یا ٹی وی چینلز کے نمائندے ہیں، ان کے خلاف کوئی ایسی کارروائی ہے۔ اس حساب سے ایک سادہ سا سوال تھا۔ سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب اس عمر میں بھی اس کو tilt کرکے ان کا غصہ خان صاحب پر اتنا ہے کہ ہمیں پتا ہے کہ جب ہمارے tenure میں آپ کو تکلیف دی گئی تھی تو سیف اللہ ابڑو پہلا سینیٹر تھا، ہم بعد میں سینیٹر آئے ہیں لیکن میں نے کوئی تین چار مرتبہ سینیٹ میں اس کی مذمت کی ہے کہ صدیقی صاحب کو گرفتار نہیں کرنا چاہیے تھا۔ صدیقی صاحب کو یہاں گرفتار کیا، ان کی فیملی کے ساتھ ان لوگوں نے ناانصافی کی، ان کی اہلیہ اور بچوں کے ساتھ جو ہوا، ہم نے اس کی بھی مذمت کی۔ صدیقی صاحب! یہ بھی کسی کے بچے ہیں، ساڑھے چوبیس کروڑ کی پبلک میں سے صرف ایک آپ نہیں ہیں، صرف آپ کی ایک اہلیہ نہیں ہے کہ آپ کی عزت زیادہ ہے، باقی پاکستان کی پبلک کی عزت نہیں ہے۔ جو بھی آدمی قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے اس پر action ہونا چاہیے۔

(اس موقع پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر (سینیٹر عرفان الحق صدیقی) کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: خوش نصیبی ہو گئی کہ وہ preside کر رہے ہیں۔ چلیں مزہ آ جائے گا۔ اعظم بھائی! مزہ آ گیا، نہیں میرا بڑا بھائی ہے۔ میں تو اس کی حمایت کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! مغرب کا وقت ہو رہا ہے، ہم پندرہ منٹ کا وقفہ کر لیتے ہیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ پھر آئیں گے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ضرور آئیں گے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: سائیں! ہمارے گاؤں میں ایک قبیلہ ہے، وہاں شادی ہوتی تھی، تو لوگ کہتے تھے جب دیگیں ہوتی ہیں تو لوگ چاول، بریانی (سندھی)۔ خدا تعالیٰ نے آپ پر بڑی عنایت کی ہے کہ چیئرمین صاحب آدھا گھنٹہ بیٹھ نہیں پاتے تو اجلاس آپ کو مل جاتا ہے۔

ان شاء اللہ مجھے امید ہے کہ اجلاس آپ چلائیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کوئی نہ کوئی بہانہ ہونا چاہیے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: نہیں، ان شاء اللہ ہم تو پہلے بھی کہتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ان شاء اللہ پندرہ منٹ کے بعد ملتے ہیں۔

(اس موقع پر نمازِ مغرب کے لیے وقفہ کیا گیا)

(وقفہ نماز کے بعد ایوان کی کارروائی پریذائیڈنگ آفیسر کی زیر صدارت دوبارہ شروع ہوئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ، جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اصل میں پہلے چیئرمین صاحب بیٹھے تھے تو ایک بات discuss ہوئی اور اتفاق سے میں نے آپ کے بارے میں بھی کہا لیکن میری خوش قسمتی ہے کہ آپ ایوان میں Preside کرنے کے لیے آ گئے۔ یہاں پر صحافیوں کے یا جو بھی دوست ہیں ان کے بارے میں بات ہو رہی تھی۔ صدیقی صاحب دیکھیں، سو باتیں ہوں لیکن جو سیاسی جماعتیں ہیں لازم نہیں ہے کہ ہم ایک دوسرے کے stance کو درست مانیں، یہ ممکن نہیں ہے اور پاکستان میں تو کم از کم یہ tradition نہیں ہے کہ ہم کسی جماعت کی صحیح بات بھی مانیں گے اور کبھی یہ بھی نہیں ہوا کہ ہم اپنی جماعت کی غلط بات کو oppose کریں گے۔ ہم لوگوں میں اتنی ہمت ہی نہیں پیدا ہوئی ہے لیکن یہاں سوال یہ تھا کہ جن لوگوں کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، جن سے بھی ہوئی ہے، جس بھی جماعت سے ان کا تعلق ہے وہ ہیں تو ہمارے پاکستانی بھائی۔ یہاں کسی جماعت کا نام نہیں لیا گیا، جس دوست نے بات کی اس نے normal بات کی کہ یہ زیادتی ہوئی اس لیے ان لوگوں کا تدارک کیا جائے۔ مجھے خوشی ہوتی کہ اگر آپ اسے اسی تناظر میں دیکھتے۔ آپ اسے بھی جو غصہ آپ کو PTI کے دور حکومت کے تین سال آٹھ ماہ پر تھا، اسی طرف لے آئے۔ آپ اسے اس طرف نہ لائیں۔ اس وقت کم از کم جس کے ساتھ بھی زیادتی ہو رہی ہے، جو بھی صحافی ہیں، میں کسی کا نام نہیں لیتا، جس کا جس سے بھی تعلق ہے یا نہیں ہے، قانون کے مطابق اگر کسی نے کسی سے کوئی زیادتی کی ہے، کوئی مجرم ٹھہرا ہے، مجرم تو بعد میں بنتا ہے، یہاں تو پہلے مجرم بنا دیا جاتا ہے، لیکن اگر الزام ہے تو اسے قانون کے مطابق دیکھنا چاہیے، شاید کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔

جناب آپ کو یاد ہو گا جب آپ کے ساتھ واقعہ ہوا تھا اس وقت نہ آپ سینیٹر تھے اور نہ میں تھا لیکن جب ہم اس ایوان میں آئے، یہاں موقع ملا اور ذکر ہوا آپ کو شاید یاد ہو یا نہ ہو لیکن میں نے

اس کا تین مرتبہ ذکر کیا اور مذمت کی، اس وقت نئے پاکستان کی حکومت تھی۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے یہ ہمت دی ہے کہ اگر میری جماعت کے وقت میں کسی نے غلط کام کیا ہے تو میں اسے اچھا نہیں کہوں گا اور اگر وہی پولیس جو آپ کے گھر آئی، انہوں نے بچوں کے ساتھ جس طرح سے behave کیا تو اس کی مذمت اس وقت بھی کرنی چاہیے تھی اور میں نے اس وقت بھی مذمت کی، ابھی بھی ہم مذمت کرتے ہیں کہ اگر پولیس کسی کے گھر میں اس طرح سے گھستی ہے تو اس کی مذمت کرنی چاہیے۔ مجھے امید ہے کہ آپ اس بات کو آگے بڑھائیں گے۔

آپ نے اپنی اہلیہ کا ذکر کیا تھا وہ ہماری ماں اور بڑی بہن کی جگہ پر ہیں، اگر ہمیں اپنی ماؤں اور بہنوں پر غیرت نہیں آتی تو پھر کسی پر نہیں آئے گی۔ ساڑھے چوبیس کروڑ عوام میں صرف آپ، سیف اللہ ابڑو یا یہ سو سینیٹرز نہیں ہیں، یہ ساڑھے چوبیس کروڑ عوام کی بات ہے، اگر کہیں بھی زیادتی ہوتی ہے تو ہمیں کہیں سے تو شروعات کرنی پڑیں گی۔ ہمیں ان چیزوں کو دیکھنا ہو گا۔ آپ کے ساتھ تو دیکھیں وہ issue ہو گیا، اگر ہم آپس میں کہیں کہ متفق ہو جائیں تو ہم کیسے متفق ہو سکتے ہیں۔ یہاں بار بار ذکر ہو رہا ہے کوئی اسے کہیں لے جاتا ہے اور کوئی کہیں لے جاتا ہے، آپ کے بقول PTI نے غلط کیا، بھائی پاکستان تو 1947 میں آزاد ہوا ہے اور آزاد بھی لاالہٰ الااللہ پر ہوا ہے، ہم سب بھی پاکستانی ہیں، PTI کی حکومت تو پاکستان میں 2018 میں بنی تو 2018 تک تو پاکستان جنت تھا، چلیں 10 اپریل 2022 کے بعد بھی پاکستان جنت ہے، آپ PTI کو چھوڑیں، اگر ہم نے غلط کیا ہے تو ابھی سزائیں بھی آپ کے سامنے ہیں لیکن کم از کم آپ کا غصہ ہمیں دل کے اندر سے کھا جاتا ہے، آپ غصہ نہ کیا کریں۔ ہم نے غلط کیا ہے، ٹھیک ہے، آپ نے جتنی punishment دی ہے، دینی ہے، دیں گے وہ ہم سہہ بھی لیں گے لیکن اگر عوام کے ساتھ کوئی زیادتی ہوتی ہے تو اس کا مداوا آپ نہیں کریں گے تو اور کون کرے گا۔

مجھے تو اس بات کی بڑی خوشی ہے کہ آپ کو بار بار اس کرسی پر بیٹھنے کا ایک موقع ملتا ہے، ہمیں امید ہے کہ ہم شاید یہاں پر ایسی کوئی روایات ڈالیں، چیئرمین صاحب بھی ہمارے بڑے ہیں، ہم ان کی بھی کافی باتیں سنتے ہیں، وہ بڑے senior آدمی ہیں لیکن آپ بھی بیٹھے ہیں، اتفاق سے آپ کا تعلق بھی اس شعبے سے ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے کہ ہم کہیں فلاں صحافی، فلاں صحافی، سب ہمارے بھائی اور قابل احترام ہیں، being a Member of this House ہم سب کی

ذمہ داری ہے کہ پاکستان میں یا ہماری society میں جہاں بھی کوئی زیادتی ہوتی ہے، کم از کم ہم اس کے خلاف ایک آواز اٹھائیں۔

یہاں تو کافی چیزیں discuss ہوں گی۔ میں آپ کو دو چیزیں بتانا چاہتا ہوں۔ اچھی اس چیز کو کون determine کرے گا کہ کون دہشت گرد ہے اور کون نہیں ہے۔ ہم سیاسی جماعتیں ایسا نہیں کر سکتیں، یہ قانون کر سکتا ہے کہ قانونی طور پر کس نے کیا کیا ہے۔ اگر ہم یہاں بیٹھ کر پہلے ہی decide کر لیں گے تو میرے خیال میں یہ زیادتی ہو جائے گی۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ ہم تین جماعتیں یہاں پر بڑی parties ہیں، باقی جماعتوں کے دوست بھی ہمارے بھائی ہیں، ایمل خان ناراض ہو جائیں گے وہ بھی بڑی جماعت ہیں اگرچہ ان کی جماعت کے رکن کم ہیں لیکن وہ مجھ سے بڑے ہیں۔ مولانا فضل الرحمن صاحب کے لوگ بھی بیٹھے ہیں۔ میں آپ کو ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں، ہم اس بحث میں ہی نہ پڑیں کہ کون دہشت گرد ہے اور کون نہیں ہے، یہاں کہتے ہیں کہ وہ ہے لیکن میں نہیں کہوں گا، ہم سب مسلمان ہیں، قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ ایک بے گناہ کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے، ہم کس ڈگر پر چل پڑے ہیں۔ میں آپ کے ساتھ ایک چیز share کرنا چاہتا ہوں، 26 نومبر کے واقعہ پر سب کو غصہ ہے نا، ہمیں ایک چیز پہلے سے واضح کرنی چاہیے، ایسا نہ ہو کہ میری تقریر کے بعد کوئی اور مسئلہ بن جائے، حکومت اور ریاست دو الگ چیزیں ہیں۔ ایمل ولی صاحب آپ مجھے بات تو کرنے دیں، آپ کی تقریر ابھی تک آدھے میں کھڑی ہے جسے آپ نے 1970 میں چھوڑا تھا، آج وہیں سے شروع کرنا، میں اس کا انتظار کروں گا۔

ریاست ماں جیسی ہوتی ہے، ماں تھپڑ بھی مارتی ہے، بازو بھی توڑتی ہے، غصہ بھی دکھاتی ہے لیکن بچہ خوش بھی ہو جاتا ہے، ہم سیاسی جماعتیں society کے لیے ہیں، ہمیں ریاست کو side پر رکھنا چاہیے، جس کا آپ کی طرف اشارہ ہے ہمیں بھی انہیں side پر رکھنا چاہیے، ہم سیاسی جماعتیں جب ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھیں گے، میں یہ نہیں کہہ رہا کہ ہمارے Opposition Leader نے کہا اور آپ نے اسے مذاق بنا رکھا ہے کہ ہم باتیں چاہتے ہیں، آپ باتیں نہ کریں، یہ اقتدار ہے جو آپ لوگوں کو مشکل سے ملا ہے، جیسے نتائج آئے شاید آپ کو آئندہ یہ نہ ملے تو آپ ایسی باتیں کر کے غلطی مت کیجیئے گا، باتوں میں بھی نہ آیئے گا، میں اس طرف نہیں آ رہا لیکن میں یہ کہہ رہا ہوں کہ جو چیزیں ہماری society کی بہتری کے لیے ہو سکتی ہیں اس

بارے میں ہم آپس میں ایوان کے اندر بیٹھ سکتے ہیں۔ میں آپ سے التجا کرتا ہوں اور اگر آپ کہیں گے تو میں resolution بھی پیش کر دوں گا۔ یہ پولی کلینک ہسپتال کا 26 نومبر کا ایک certificate ہے، الحمدللہ آپ اس وقت چیئرمین سینیٹ کی کرسی پر بیٹھے ہیں، آپ اس ایوان کے custodian ہیں، میں آپ کو دو examples دیتا ہوں، being a custodian of the House آپ کی authority اور ذمہ داری بھی ہے کہ آپ ان چیزوں کو fulfil کریں۔ اس سے اللہ تعالیٰ بھی خوش ہوتے ہیں اور انسان کا ضمیر بھی مطمئن ہوتا ہے۔ وہ دو چیزیں کون سی ہیں۔ یہاں کہا گیا کہ کیا مشکل تھی کہ لوگ نہیں آئے، یہ نہیں آئے۔ آپ کی سابقہ کمیٹی تھی previous تین سال میں آپ ان میں سے صرف اپنے staff کو تلاش کریے گا کہ آپ کے staff کی کیا حالت ہوئی۔ ان کا اور ان کی families کا کیا حشر ہوا، میں کسی کا بھی نام نہیں لوں گا پھر آپ اس position میں ہوں گے اور مجھے امید ہو گی کہ پھر آپ شاید اس کا ذکر یہاں پر کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! آپ کی کمیٹی کے staff کے with-in بندے ایسے تھے جن کی families کے ساتھ کیا ہوا میں نام نہیں لینا چاہتا۔ مجھے امید ہے آپ اس کا نام یہاں House میں لیں گے کہ ان families کی کیا حالت ہوئی۔ ایسے نہیں ہے کہ کسی کے ساتھ ظلم بھی ہو، زیادتی بھی ہو، اس پر طنز بھی ہو۔ اب آ جائیں 26th November پر۔ بات یہ نہیں ہے کہ ریاست حکومت، بات یہ ہے کہ حکومت غلط اقدام نہیں اٹھا سکتی۔ حکومت بھی ماں کی جگہ پر ہوتی ہے، ہماری Police ہو، District administration ہو، ICT ہو یہ سب محکمے ہماری تنخواہوں پر چلتے ہیں۔ ان کو کس نے اختیار دیا ہے کہ اپنے بچوں پر گولیاں چلائیں۔ چلیں چھوڑیں گولی کو، آپ کے بقول گولیاں نہیں چلیں۔

جن مولوی صاحب نے تلاوت کی ہے مجھے نہیں معلوم کہ وہ یہاں موجود ہیں یا نہیں لیکن میں اس پر آ جاتا ہوں کہ ہم یہاں پر قرآن مجید رکھتے ہیں۔ یہ کاغذ میں آپ کے ساتھ share کرتا ہوں اور یہ شاید یہاں ہمارے صحافی دوست بیٹھے ہیں جو ابھی ان کے ساتھ ہو رہا ہے وہ شاید اس کو highlight کریں۔ یہ 26th November کی بات ہے یہ Poly Clinic Hospital کا certificate ہے اس پر جو بندہ وہاں hospital میں داخل ہوا تھا۔ اس کی شام کو 05:12

p.m. پر death ہوئی ہے اور یہ اس میں لکھا ہوا ہے کہ gun shot ہے اور میں آپ سے کیوں یہ بات کرنا چاہتا ہوں again یہ بندہ آپ کے سینیٹ سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کا نام ہے مبین، یہ Abbottabad شہر سے تھا۔ آپ صرف ایک بندے کا پتا کروائیں۔ ایک بندے کا پتا کروائیں مبین کو آپ تلاش کر لیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ مبین آپ کے سینیٹ کے کسی employee کا family member ہے۔ باقی سب چھوڑ دیں یہ تو ہو گیا نا؟ اس کو سوا پانچ بجے گولی کہاں سے لگی ہے، سوا پانچ بجے Article 245 عمل میں نہیں آیا تھا۔ میں سب کو اس کی وضاحت کر دوں، یہاں آپ کی Police تھی، یہ آپ کی district administration تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اڑو صاحب میں عرض یہ کر رہا ہوں، میری گزارش سن لیں۔

سینیٹر سیف اللہ اڑو: مجھے معلوم ہے آپ مجھے guideline دیں گے کہ یہ بات کریں اور یہ نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ چونکہ House میں موجود نہیں تھے، ہم نے decide کیا تھا کہ پانچ چھ منٹ بولیں گے اور لوگ پانچ چھ منٹ بولے ہیں۔

سینیٹر سیف اللہ اڑو: ایک منٹ جناب میں آج آیا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ wind up کر دیں تو مہربانی ہو گی۔

سینیٹر سیف اللہ اڑو: میری گزارش سن لیں، میرا بھائی آگے بیٹھا ہے میں اس دن ہی سن رہا تھا کہ بیس اور بائیس منٹ پر لڑائی ہو رہی تھی۔ میں آپ کے House کا member ہوں اگر ہم یہاں اتنی دور سے آتے ہیں آپ مجھے دو منٹ کا وقت دے دیں گے تو مجھے خوشی ہو گی۔ اگر نہیں بھی دیں گے تو آپ کی مرضی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں نہیں آپ بولیں۔

سینیٹر سیف اللہ اڑو: ہم تو نہیں کہہ سکتے کیونکہ آپ کی authority ہے لیکن بات کرنی ہے۔ یہ ایک certificate ہے، جاؤ فلک دے آؤ، Secretary کو دے آؤ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ جو معاملات ہیں اڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میری آپ سے التجا ہے مجھے اگر آپ پانچ منٹ دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں آپ کو پانچ منٹ دے رہا ہوں۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ جو آپ دے رہے ہیں یہ معاملہ آپ عدالت میں۔۔۔۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: عدالت میں بے شک جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ خود لے کر گئے ہوئے ہیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں اس پر آتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ یہ سارے ثبوت وہاں فراہم کریں گے تو ان شاء اللہ سارا دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بات یہ ہے کہ یہاں پانی ہی پانی ہے دودھ تو ہے ہی نہیں۔ میں تو یہاں کی بات کر رہا ہوں court میں کیا جائیں۔ آپ ایک کمیٹی بنا دیں اس کے چیئرمین آپ خود بنیں، باقی صوبوں سے ایک ایک ممبر لیں۔ سندھ سے میرے بڑے بھائی ہیں تاج حیدر صاحب ان سے زیادہ senior کوئی بھی آدمی نہیں ہے۔ وہ Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto کے ساتھ founding member ہیں ان کو لیں۔ بلوچستان سے میرا بھائی بلال بیٹھا ہوا ہے لیکن بلوچستان سے آپ ایمل ولی خان کو لے لیں وہ دونوں صوبوں کی نمائندگی کرے گا، KP and Balochistan.

یہ چار لوگ بیٹھ کر discuss کریں PTI کو چھوڑ دیں، PTI سے ایک بھی ممبر نہ لیں۔ آپ صرف اس ایک چیز کا final فیصلہ کریں اور اس کا اعلان آپ اس House میں کریں۔ PTI کو چھوڑ دیں، PTI ظالم ہے، دہشت گرد ہے جو بھی ہے۔ آپ لوگوں نے PTI کو کہاں پہنچایا ہے، mummy daddy والے لوگوں کو اب آپ نے دہشت گرد قرار دے دیا ہے۔ اب یہاں تک تو پہنچ گئے ہیں، یہ آپ کا stance تھا۔ خان صاحب کی دشمنی میں جب آپ کی مرضی ہو یہاں میری بہنیں بیٹھی ہیں نہیں تو ایک اچھی مثال تھی میں دے دیتا لیکن میں دے نہیں سکتا۔ جب آپ کا دل کہے کہ خان صاحب یہودی ہیں، جب پاکستان میں بات آئے عرب ممالک میں جائیں تو یہ یہودی ہے۔ جب U.K میں election of Chancellor آ جائے تو پھر کہیں گے کہ طالبان ہے۔

ایک جگہ پر تو ٹھہریں، ایک stanceآپ لازمی لیں۔ جہاں آپ نے ہمیں پہنچانا ہے، اللہ تعالیٰ کی ذات ہے عزت وہی دیتی ہے۔ دس سال کے لیے تو میاں صاحب بھی گئے تھے۔

میری ایک اور التجا ہے کہ اس میں ایک اور point add کریں جتنے بھی دور آئے ہیں۔ جتنے بھی لوگوں کے ساتھ میں شروع کرتا ہوں صدر صاحب کے ساتھ، زرداری صاحب کو جس وقت بھی جس نے بھی جیل میں رکھا، بے نظیر صاحبہ کے ساتھ ناانصافی کی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مندوخیل صاحب میری گزارش سن لیں انہوں نے دو منٹ اور بولنا ہے پھر اس کے بعد آپ کی باری آجائے گی۔ ان کو interruptنہ کریں۔ آپ کا نام ہے سرمد صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: نمبر ایک agenda یہ جو قتل ہوا 26th November کو یہ جو کہتے ہیں نا! کہ گولی کہاں چلی ہے۔ بہت افسوس ہے Ministers تو اور بھی ہیں یہ Information Minister PML (N) نے معلوم نہیں کہاں سے ڈھونڈا ہے۔ ان کے سابقہ لوگ کہاں چلے گئے ہیں۔ دوسرا agenda اس میں رکھیں کہ ہمارے جتنے بھی political personalities ہیں، بے نظیر صاحبہ سے لے کر زرداری صاحب تک اور میڈم فریال تالپور تک۔ ان کو جیل میں جس جس نے ڈالا ہے، نواز شریف صاحب کو اور ان کی اہلیہ کو یا ان کی بیٹی کو یا عمران خان کو، ان کی بہنوں کو۔ اس پر آپ ایک کمیٹی بنا دیں جو ذمہ دار ہے ہم مل کر اس کی مذمت کریں گے۔

آپ کمیٹی بنائیں اس کو public کرتے ہیں اگر زرداری صاحب کو، میڈم فریال کو چھ مہینے، وہ June, 2019 میں جیل میں گئے ہیں December, 2019 میں واپس آئے۔ چھ مہینے کے ذمہ دار ہم ہیں چودہ سال کا ذمہ دار کون ہے۔ زرداری صاحب کو 1990s میں کس نے جیل میں ڈالا، زرداری صاحب کو 1997 میں مرتضیٰ بھٹو کے قتل کے بعد کس نے جیل میں ڈالا۔ خان تھا اس وقت؟ خان نے تو اس وقت سیاست شروع نہیں کی تھی۔ وہ چہرے سامنے آنے ہیں۔ یہ نہیں ہے کہ ہر چیز ہم پر ڈال دیں۔ مجھے تو افسوس ہوتا ہے جو لوگ 2002 میں PPP میں آئے ہیں وہ شہید بھٹو کو جانتے بھی نہیں تھے وہ بیٹھ کر الزام لگاتے ہیں کہ عمران خان نے یہ کر دیا، آپ ہمیں نہ سنائیں۔ آپ پہلے اپنے قاتلوں کو ڈھونڈیں جو بھٹو صاحب کے قاتل تھے وہ ابھی تک فیصل مسجد میں

سویا ہوا ہے معلوم نہیں کہ اس کے ساتھ کیا حشر ہوا ہے۔ چلو اس کے پاس اس کی مذمت کرتے ہیں، چلیں اتنی ہمت کریں حکومتیں تو آتی رہیں گی۔ ایسے نہیں ہے کہ آپ کو ہر بات پر غصہ خان پر آ جاتا ہے۔

اس میں تیسرا caseڈالیں جو ہماری حکومت میں ظلم ہوا، جو ن لیگ کی leadershipکے ساتھ ہوا۔ وہ تھاFIAکا money laundering case یہ میں کمیٹی کا اس لیے کہہ رہا ہوں کہ آپ لوگ منصف بنیں۔ وہ تھا معصوم، پرائم منسٹر شہباز شریف جو کہتے ہیں کہ میں دھیلے کی بھی corruption نہیں کرتا۔ اس پر ہماری حکومت میں اتنے billionsکے money launderingکے cases کیوں بنائے گئے۔ ہماری حکومت میں کون ذمہ دار تھا۔ اس کی یہاں inquiry کروائیں۔ فیصل سلیم صاحب یہاں پر نہیں بیٹھے ہیں میں نے Interior Committee میں آپ کو یاد ہو گا جب ہم وہاں پر بیٹھے تھے منسٹری میں میں نے وہاں بھی demandکی تھی کہ اتنے معصوم وزیر اعظم پاکستان جو ابھی دوسری دفعہ وزیر اعظم بنے ہیں۔ ان کے ساتھ ان کی فیملی کے ساتھ، ان کی بیگم کو جیل میں ڈالا گیا، ان کے بچوں کو جیلوں میں ڈالا گیا، کیوں؟ کوئی politicalآدمی کیوں targetہوا اگر وہ کیس ہماری partyنے غلط کیا ہے تو میں اس کی مذمت کرتا ہوں۔ اگر وہ کیس ٹھیک تھا اور ان کو بری کیا گیا ہے تو میں ان لوگوں کی بھی مذمت کرتا ہوں کہ ایسے cases یا تو بنانے نہیں چاہیں اور اگر بناتے ہیں تو پھر ان کو تکمیل تک پہنچائیں۔

یہ تین casesآپ کریں۔ مجھے امید ہے، دیکھیں ہم سب بھائی ہیں یہاں بیٹھے ہیں اگر ایسے نہ ہو ہمیں تو باتیں سننے کو ملتی ہیں۔ یقین کریں لازمی نہیں ہے کہ ہم متفق ہوں میں باقی partyکے لوگوں سے بھی کہتا ہوں، چلیں یہ بڑی Parties ہم پر غصہ کرتی ہیں آپ نہ کیا کریں۔ کم از کم وہ لوگ جو ہمارے ساتھ اتحادی بھی رہے ہیں ہم نے تو ان کی بھی باتیں سنی ہیں۔ انہوں نے کبھی بھی opposition نہیں دیکھی وہ سارے لوگ، ابھی بھی معلوم نہیں کل کہاں سے اشارہ ہو جائے اور آپ کو کہیں جانا پڑے۔ آپ ہم پر غصہ کم کریں، PML (N), PPP, PTIہم ایک دوسرے کے ساتھ غصہ بھی کریں گے ہو سکتا ہے کہ آگے چل کر ہم کچھ سیکھیں بھی، ہم آپس میں مل بھی جائیں لیکن چھوٹی پارٹیاں، مجھے تو اتنا تعجب ہوتا تھا کہ ہمارا ایک ممبر یہاں کہتا تھا جی ہم

یہاں بناتے ہیں، ہم توڑنے والے ہیں، میں ان کو صرف اتنا کہوں کہ جب 2018 میں اس کو بھی چھوڑ دیں۔ 2018 کے election ہوئے تو بلوچستان سے اس پارٹی کے پانچ MNAs آئے تھے۔

ابھی 2024 میں ایک MNA کیوں آیا؟ اس سینیٹر کی میں بات کر رہا ہوں جو ہمیں غصہ دکھاتے ہیں۔ آپ 5 MNAs سے ایک پر کیوں آ گئے؟ 2021 میں جب ہم اور آپ سینیٹ میں آئے تو اس وقت آپ کے 12 Senators تھے۔ ابھی آپ نے چار سینیٹرز رکھے ہوئے ہیں۔ ہمیں غصہ نہ دکھائیں۔ غصہ دکھانے کے لیے اور پارٹیاں موجود ہیں۔ آپ نہ کریں۔ صدیقی صاحب! ہم حج پر گئے تھے۔ میرے ساتھ ایک دوست بھی تھا۔ اس کا نام بختل خان زرداری تھا۔ وہ میرے بھائی ہیں۔ جب ہم شیطان کو کنکریاں مارنے گئے تو وہ ہنس پڑا۔ میں آپ کو حقیقت بتا رہا ہوں۔ کبھی آئے گا تو آپ کے ساتھ ملواؤں گا۔ ابھی حکومت میں ہیں تو وہ ضرور یہاں آئے گا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ آپ کیوں ہنسے۔ تو وہ کہنے لگا کہ جب شیطان نے مجھے دیکھا تو کہنے لگا کہ بختل تم مجھے کنکریاں کیوں مار رہے ہو؟ میں اس بات پر ہنس رہا ہوں۔

صدیقی صاحب! بات یہ ہے کہ جو لوگ حکومت میں رہے ہیں وہ کیسے تنقید کرتے ہیں؟ کل آپ ان کے لیے صحیح نہیں تھے۔ آج ہم ان کے لیے صحیح نہیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ابڑو صاحب! میں کسی اور کو موقع دیتا ہوں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: صدیقی صاحب! مجھے ایک منٹ بات کرنے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Quorum point out ہو گیا ہے۔ Qadir, please take your seat. ابڑو صاحب! اب تو Quorum point out ہو گیا ہے۔ مجھے گنتی کرا لینے دیں۔ The House is in quorum.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! مجھے آدھا منٹ دے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں، آدھے منٹ میں بات مکمل کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! ہمیں یہ چیزیں بتائی گئیں۔ یہاں پر تقریروں میں کہا گیا کہ ہم علی امین گنڈاپور کے بال کاٹیں گے۔ علی امین گنڈاپور آیا ہوا ہے اور KP House میں بیٹھا ہوا ہے۔ مجھے بتائیں کہ اس کا کیا کرنا ہے۔ کون اس کے بال کاٹنے جائے گا۔ کون اس سے ملا کھڑا کرے گا اور اس

کے بال کہاں سے کاٹے گا۔ یہ kindly guide کریں۔ ایک کمیٹی بھی بنالیں تاکہ وہ بیٹھ کر دیکھ سکیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: بھائی بیٹھ جائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب! تشریف رکھیں۔ آج میری بھی کوئی بات سن لیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: علی امین گنڈاپور کا کچھ کریں۔ کمیٹی بنالیں۔ کہاں کہاں سے بال کاٹنے ہیں۔ یہ ہمیں تھوڑا بتادیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے وہ دیکھ لیتے ہیں۔ سینیٹر خلیل طاہر صاحب۔

**Senator Khalil Tahir**

سینیٹر خلیل طاہر: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ مجھے آج تک اس بات کی سمجھ نہیں لگی کہ یہ کس چیز کی آزادی مانگتے ہیں۔ ابھی پرسوں ان کا ایک بندہ کہہ رہا تھا ڈونلڈ ٹرمپ نے الیکشن جیت لیا ہے۔ وہ عمران خان کو آزادی دلوائے گا اور اس کے بعد عمران خان پاکستان کو آزادی دلوائے گا۔ خدا کا خوف کریں۔ کچھ شرم کریں اور حیا کریں۔ یہ کس قسم کی آزادی آپ مانگ رہے ہیں۔ آزادی آپ مانگتے ہیں لوگوں کو، جو آپ کو یہاں تک لائے ہیں ان کو میر جعفر، میر صادق اور ڈرٹی ہیری کہنے کی یا آپ آزادی مانگتے ہیں شام کے وقت ان کو جا کر ایوان صدر میں تمام عمر کے لیے extension دینے کی۔ سیف اللہ ابڑو صاحب! آپ Article 19 تو پڑھیں۔ ابھی آپ دو باتیں بتا رہے تھے اور آپ کو معزز پریذائیڈنگ آفیسر صاحب نے کہا کہ یہ معاملہ عدالت میں ہے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب ہمارے سینیئر وکیل ہیں۔ جب تک عدالت سے کوئی cogent evidence نہیں آتی، کوئی تاریخ نہیں آتی یا اس کا کوئی پتا نہیں چلتا۔ Cause of death نہیں آتی۔ اگر کوئی ایسی بات ہوئی بھی ہے۔ اول تو ایسی بات ہوئی بھی نہیں ہے لیکن اگر ہوئی بھی ہے تو پتا چلے گا کہ اس وقت جب آپ کے گنداپور یا گنڈاپور وہ کیا ہے، اس کو لوگوں نے کہا کہ آپ یہاں سے بھاگ نہیں سکتے۔ اپنے لوگوں نے اس پر ڈنڈے اور جوتے برسائے۔ اس کے باوجود وہ کہتا ہے کہ میں پنکچر والی گاڑی لے کر بھاگ گیا۔ پھر آپ کے ایک اور لیڈر عمر ایوب خان کہتا ہے کہ میرے سینے میں گولی لگی ہے۔ وہ اتنا

دلیر آدمی ہے کہ اس کے سینے میں گولی لگی ہے اور دوسرے دن وہ پریس کانفرنس کر رہا ہے۔ خدا کا خوف کھائیں۔ تھوڑا بہت تو بھاگیں۔ آپ ہر مرتبہ لشکر کشی کرتے ہیں۔ آتے ہیں اور پھر کہیں پہاڑیوں پر چلے جاتے ہیں یا کسی اور جگہ پر چلے جاتے ہیں اور وہاں پر سرینا کی پیسٹریاں کھاتے ہیں اور پھر وہاں سے بھاگ جاتے ہیں۔ ہری پور کے راستے بھاگ جاتے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر خلیل طاہر: جب آپ کی باری آئے گی تو آپ کہہ دیجیے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایسے نہ کریں۔ جی، آپ بولیں۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب چیئرمین! ابھی پرسوں پھر یہ بات گنڈاپور نے کی ہے کہ میں پھر لشکر کشی کروں گا۔ میں بندوقیں لے کر جاؤں گا۔ بھائی! وفاق کے خلاف آپ بندوقیں اٹھا کر لشکر کشی کریں گے۔ یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ اگر چار Arteries ہیں اور اگر ایک Artery آپ بند کریں گے تو پورے کا پورا سسٹم بند ہو جائے گا لیکن آپ کے کہنے سے ایسا نہیں ہوگا۔

میں آخر میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں اور اپنے استاد محترم کی نظر شعر کرنا چاہتا ہوں کہ استاد محترم ان سے اتنا تو پوچھیں کہ اگر اتنا ظرف اور حوصلہ نہیں تھا اور اتنی جرأت نہیں تھی تو پھر آئے کیوں تھے؟ (پنجابی شعر) بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ آپ نے بہت briefly اپنی بات کی ہے۔ سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب۔

## Senator Zeeshan Khanzada

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! بہت شکریہ۔ آج میں سانحہ 26 نومبر پر بات کرنا چاہوں گا۔ اس سے پہلے اس ایوان میں اگر حکومتی نمائندوں نے بات کی تو انہوں نے 24 نومبر کہا۔ اصل میں جو واقعہ ہے وہ 26 نومبر کا ہے۔ سب سے پہلے جناب چیئرمین! جتنے بھی 26 نومبر کے شہدا ہیں ان کے لیے افسوس کا اظہار کرتا ہوں اور ان میں سے ایک شہید کا تعلق میرے ضلع مردان سے ہے۔ اس کا نام صدر علی ہے۔ جناب چیئرمین! جب میں فاتحہ کے لیے ان کے گھر گیا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جب میں وہاں پر پہنچا تو ہمارے پی ٹی آئی کے اور لیڈرز وہاں پر آئے ہوئے تھے۔ ان کے گھر سے ان کی اہلیہ کی طرف سے ایک message آیا۔ صدر علی

کے چار پانچ بھائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ messageآپ کے لیے یہ ہے کہ وہ پوچھنا چاہتی ہے کہ صدر علی کو کس نے مارا؟ جناب چیئرمین! ہم نے جواب دیا کہ آپ کو پتا ہے کہ وہ ہمارے ساتھ احتجاج پر گیا تھا اور آپ کو معلوم ہے کہ وہاں پر کیا ہوا؟ کس نے مارا ہے؟ لیکن انہوں نے کہا کہ نہیں جی وہ پوچھ رہی ہے کہ میرے صدر علی کو کس نے مارا ہے؟ یہ سوال میں اس ایوان کے تمام ممبران سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ جناب چیئرمین! ادھر تو یہ باتیں بہت ہوئی ہیں کہ گولی کس نے ماری ہے؟ میں سیاسی بات نہیں کروں گا۔ میں صرف دو تین باتیں کروں گا۔ میں جواب میں یہ کہوں گا کہ جوان کا سوال تھا۔ دیکھیں یہ ایک ریلی ہوئی اور اتنے لوگ اسلام آباد میں اکھٹے ہوئے اور یہ ڈی چوک تک کیوں پہنچے۔ ان کی دو demands تھیں۔ ایک demand یہ تھی کہ جو مینڈیٹ چوری کیا گیا ہے اس کے حوالے سے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے اور اس کی independent تحقیقات کی جائے تاکہ پتا چلے کہ یہ واقعی Form-47 کی اسمبلیاں بیٹھی ہوئی ہیں یا نہیں۔ اس بات کو اب تقریباً سال ہونے کو ہے۔

اس پر کوئی action نہیں لیا جا رہا۔ ہم جتنی بھی rallies اور جلسے کر لیں، PTI کے لوگ کہیں بھی جائیں، اگر وہ سنگجانی بھی جائیں، وہ ویران سڑکوں پر جا کر تقاریر کریں، حکومت ٹس سے مس نہیں ہوتی، کوئی action نہیں لیا جاتا۔ لہٰذا آپ PTI کے لوگوں کو کیوں مجبور کرتے ہیں کہ وہ آ کر D-Chowk میں دھرنا دیں۔ یہ rallies اس لیے نکلتیں ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ پاکستان کا سب سے بڑا اور اصل لیڈر عمران خان ہے جسے جیل سے رہا کیا جائے۔ اس کے لیے بھی حکومت کے پاس کوئی جواب نہیں ہے اور نہ ہی کوئی حکمت عملی ہے۔

جناب والا! میں نے اُس دن معزز قائدِ ایوان صاحب کو سنا، انہوں نے کہا کہ مقدمات تو عدلیہ کے پاس ہیں اور ان پر ہمارا کوئی زور نہیں چلتا۔ جناب والا! انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہمارے وقت میں بھی تو اس طرح کے political cases بنے تھے۔ میں ڈار صاحب کو ضرور کہوں گا کہ ایک طرف آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ مقدمات ہم نے نہیں بنائے یا ہمارے control میں نہیں ہیں جبکہ دوسری طرف یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم پر political cases آپ نے بنائے ہیں، یا تو حکومت کے پاس یہ اختیار نہیں ہے یا پھر آپ سیاسی بات کر رہے ہیں۔ جناب والا! عمران خان کے اوپر مقدمات اگر حکومت نے نہیں بنائے اور اگر یہ اس کے اختیار میں نہیں ہیں تو پوری دنیا میں کیوں

یہ کہا جاتا ہے کہ عمران خان کے ساتھ بے انصافی ہو رہی ہے، عدت کے مقدمات ہوں، دنیا ہم پر ہنس رہی ہے، سب کو پتا ہے۔ میں نے اس سے پہلے Elections 2024 کی جو بات کی، میں آپ کو اس کی ایک مثال دیتا ہوں کہ یہ بات کس حد تک چلی گئی ہے، آپ D-Chowk میں جو کچھ دیکھ رہے ہیں، PTI کے جو لوگ نکلتے ہیں اور آپ کو لگتا ہے کہ یہ پرامن احتجاج کس کروٹ چلا گیا ہے۔ ہمارے KP کے کچھ سابق وزراء کو Form 47 کے ذریعے ہرایا گیا، فروری سے ان کے مقدمات tribunals میں گھوم رہے ہیں، tribunal کی مدت 180 دنوں کی ہوتی ہے جس میں اس نے فیصلہ کرنا ہوتا ہے، ان کے مقدمات کو اڑھائی سو دن ہو گئے ہیں، وہ کس کے پاس جائیں، وہ کس سے انصاف لیں؟ حکومت کو کہتے ہیں تو وہ انصاف نہیں دے سکتی اور کہتی ہے کہ عدلیہ کے پاس جائیں، عدلیہ انصاف نہیں دیتی، Election Commission انصاف نہیں دیتا، وہ D-Chowk نہ جائیں تو پھر کدھر جائیں۔

جناب چیئرمین! میں اب conclude کروں گا اور زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ ہمارے لوگوں کو brand نہ کیا جائے، ہم ایک پرامن جماعت ہیں، ہمارے لوگ پرامن ہیں۔ جس طرح ابڑو صاحب نے کہا کہ PTI کے لوگوں کو اس حد تک لے کر آئے ہیں، جو حکومتی ہتھکنڈے ان کے خلاف استعمال ہوتے ہیں تو اس کی وجہ سے آج ہم اس stage پر کھڑے ہیں۔ ہم صرف اپنے حق کے لیے بولنا چاہتے ہیں اور وہ بھی جو ہمارا آئینی اور قانونی حق ہے، اس کے لیے ہم بولنا چاہتے ہیں۔ ٹی وی پر جو اشتہارات چلتے ہیں کہ شرپسند عناصر، یہ، وہ، یہ ہمارے PTI کے لوگ نہیں ہیں، یہ بالکل ایسے نہیں ہیں، ہمارے لوگ پرامن ہیں اور ہمیں ایک دوسرے سے نہ لڑایا جائے۔ ہمارے لیڈران کے بارے میں یہ نہ کہا جائے کہ آپ پہنچے تھے اور آپ نہیں پہنچے تھے، PTI میں صرف ایک ہی لیڈر ہے اور وہ عمران خان ہے۔ PTI کو بدنام کے لیے کوئی ایسی بات ہوتی ہے، ان کے لیڈران کو لڑایا جاتا ہے، یہ غلط ہے، جتنا بھی vote bank ہے، جتنی بھی PTI support کے ساتھ ہے تو وہ عمران خان کی وجہ سے ہے۔ جب تک عمران خان موجود ہے، آپ PTI کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر راجہ ناصر صاحب۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب چیئرمین! آپ quorum check کرلیں۔

*(At this stage, quorum was pointed out by Senator Raja Nasir Abbas)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Quorum check کیا تھا اور count بھی کیا تھا۔ جی count کر لیں۔

*(Count was made)*

Mr. Presiding Officer: I have been told that the House is not in quorum. The House stands adjourned to meet again on Thursday, 19th December, 2024 at 4:30 pm

----------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, 19th December, 2024 at 4:30 pm]*

---------